Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

| نمبر ۴۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ربیع الثانی ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء | جلد ۳۸ |
|---|---|---|

فہرست مضامین



| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | رخصت ڈاکٹر جوالا پرشاد صاحب۔ | ۱و۲ |
| ۲ | اضافہ منشی حامد حسن اہلمد۔ | ۲ |
| ۳ | وفات عبدالحفیظ خان ناظر اسید۔ | ،، |
| ۴ | تقرر عبدالحق بجائے نائب الحسن مدرس۔ | ،، |
| ۵ | رخصت حافظ عبدالرحیم مدرس ماندہ۔ | ،، |
| ۶ | تقرر رام سروپ بعہدہ سہ گوری۔ | ،، |
| ۷ | تقرر عباس علی بجائے محمد بخش متوفی مدرس کمرودیرہ۔ | ،، |
| ۸ | جرمانہ بدریس نائب مدرس شاہ آباد۔ | ۲و۳ |
| ۹ | اضافہ مستقیم خان مدرس لعل کلی۔ | ۳ |
| ۱۰ | [illegible] مدرس [illegible]۔ | ،، |
| ۱۱ | نقل قرآن شریف [illegible]۔ | ،، |
| ۱۲ | منشی [illegible] لال اہلمد۔ | ،، |
| ۱۳ | نقشہ [illegible] | ضمیمہ |



### احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

#### رخصت

۱۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر رپورٹ صاحب چیف میڈیکل آفیسر درباره منظوری رخصت چھ ماہ بوضع تنخواہ ڈاکٹر جوالا پرشاد صاحب اسسٹنٹ سرجن از ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

#### حکم

چھ ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ کاغذات [illegible]

اجراء احکام واپس ہون۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## اضافہ

۱۷ اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار منشی حامد حسن اہلمد اجلاس مد اپیل بوجہ زیادتی کام مستغرق صیغہ ہائے۔

### حکم

بموجب رپورٹ حامد حسن اہلمد اپیل ریونیو ڈپارٹمنٹ کی تنخواہ موجودہ [illegible] ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
## اضافہ

[illegible] اکتوبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر [illegible] صاحب صدر [illegible] منظوری اضافہ مبلغ [illegible] ماہانہ منشی عبد الحفیظ خان ناظر صدر [illegible] روپیہ بوجہ کمی تنخواہ و نیک مزاجی و حسن انجام خدمت [illegible]۔

### حکم

حسب سفارش حاکم صاحب صدر [illegible] ایک روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ عبد الحفیظ خان ناظر صدر کا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
## برخاستگی

۱۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء

بقصور غیر حاضری و نیز دیگر شکایات سے ثاقب حسین مدرس [illegible] گاؤن تحصیل [illegible] یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ سے عبد الخالق [illegible] پاس کا تقرر [illegible] روپیہ ماہوار پر امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

### حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس حافظ عبد الرحیم مدرس قرآن شریف [illegible] کی رخصت مزید ایک ماہ ۵ اکتوبر ۱۹۲۶ء سے بعوض حافظ ابراہیم منظور کی گئی۔ لہذا

### حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## تقرر

۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس [illegible] تحصیل [illegible] ساکن [illegible] کا تقرر امتحاناً [illegible] ماہ کے واسطے [illegible] روپیہ ماہوار تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

### حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## اخراج اسم

۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

محمد بخش مدرس [illegible] پرگنہ [illegible] تحصیل [illegible] کا نام بوجہ غیر حاضری ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۶ء سے خارج کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ [illegible] محمد بخش چہارم پاس جو [illegible] محمد بخش کا [illegible] اکتوبر ۱۹۲۶ء سے گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے شش ماہ مقرر کیا گیا۔ لہذا

### حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## جرمانہ

۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

رپورٹ ہائے مدرس اول مدرسہ شاہ آباد و پنڈت گوپال دت نائب مدرس

ملاحظہ ہوئین۔ مدرسین کو یہ تسلیم ہے کہ معائنہ ٹریننگ ٹیچر تک ناگری کی کتابین خلاف کورس مجون پڑھائی گئین نیز یہ بھی تسلیم ہے کہ ہندی خوان لڑکے کئی کئی سال سے ایک ہی درجہ مین ہین۔ انھین ترقی درجہ کی لیاقت ابتک پیدا نہین ہوئی باقی عذر مدرس اول کے محض لغو ہین۔ جو ہرگز قابل التفات نہین ہین۔ مدرس اول کی غفلت اور پنڈت گوپال دت کی عدم لیاقت باکراہ کام مین تساہل ثابت ہے۔ لہذا مدرس اول مدرسہ شاہ آباد پر ایک روپیہ جرمانہ اور گوپال دت نائب مدرس شاہ آباد پر دو روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## اضافہ

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

سیتاخان مدرس لعل بنگلہ کو بوقت اجرائے اسکیم جدید بوجہ خرابی کام اضافہ نہین دیا گیا تھا۔ اب نامبردہ کا کام ٹھیک ہے۔ لہذا حسب سفارش انسپکٹر صاحب مدارس سیتاخان مدرس مذکور کی تنخواہ مین ایک روپیہ آٹھ آنہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ اب وہ گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پائیگا لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## اضافہ

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

بندہ علیخان مدرس سیفر لائق ور پرگنہ سوار کو بوقت اجرائے اسکیم جدید بوجہ خرابی کام اضافہ نہین دیا گیا تھا۔ اب اسکا کام ٹھیک ہے۔ اور وہ درجہ چہارم پاس ہے۔ لہذا بندہ علیخان کی تنخواہ مین ایک روپیہ آٹھ آنے ماہوار اضافہ کیا گیا۔ اب اسکو گیارہ روپیہ تنخواہ ملیگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## اضافہ

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۶ء

ملا عبدالکریم معلم قرآن شریف مدرسہ بھوٹ بقال کی تنخواہ مین ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارصاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر امصار

## اضافہ

۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء

حسب پیشی رپورٹ اجلاس خاص اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و حکم سے مبلغ چار روپیہ ماہوار اضافہ مد صیغہ امصار تنخواہ موجودہ چالیس روپیہ ماہوار منشی گردہاری لال اہلمد سنتیہ محافظ خانہ صدر مد صیغہ تعمیرات و صیغہ امصار مین ۱۰ جنوری ۱۹۲۶ء سے بحکم ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۶ء منظور فرمایا گیا۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر امصار

# علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے

**قول شافی۔** یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہو۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ... [illegible]

**التوحید۔** یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہو۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہو۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک [illegible]

**العدل۔** یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہو جسمین حق تعالے کی عدالت وحکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہو قیمت ... [illegible]

**خصائص وبدایا۔** یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہو۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہو۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہو۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ... [illegible]

جسقدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمایئے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

## نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۱۲ ؍ اکتوبر لغایت ۱۵ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء ریاست رامپور - یو - پی

| تاریخ و دن | صدر قائم تعداد خط | صدر قائم افزوں | تحصیل بلاسپور تعداد خط | تحصیل بلاسپور افزوں | تحصیل سوار تعداد خط | تحصیل سوار افزوں | تحصیل شاہ آباد تعداد خط | تحصیل شاہ آباد افزوں | تحصیل ملک تعداد خط | تحصیل ملک افزوں | تحصیل ٹانڈہ تعداد خط | تحصیل ٹانڈہ افزوں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم سہ شنبہ | ۰ | ۳۸۵ | ۰ | ۵۰۴ | ۰ | ۴۸۵ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | ۰ | ۴۹۴ | ۲ | ۴۷۲ |
| ۱۳ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم چہار شنبہ | ۰ | ۳۸۵ | ۰ | ۵۰۴ | ۰ | ۴۸۵ | ؍؍ | ۰ | ۰ | ۴۸۴ | ۰ | ۴۶۲ |
| ۱۴ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ | ۰ | ۳۸۵ | ۰ | ۵۰۴ | ۰ | ۴۸۵ | ؍؍ | ۰ | ۰ | ۴۸۴ | ۰ | ۴۶۲ |
| ۲۵ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء یوم جمعہ | ۰ | ۳۸۵ | ۰ | ۵۰۴ | ۰ | ۴۸۵ | ؍؍ | ۰ | ۰ | ۴۸۴ | ۰ | ۴۶۲ |

## نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ ؍ لغایت ۲۴ ؍ اکتوبر ۱۹۲۶ء ہفتہ سوم

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۹ ار | ۰ | ۹ و ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۷ ار | تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔ |
| نخود بے چھلکہ | ۹ ار | ۰ | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۸ ار | |
| نخود چھلکہ | ۸ ار | ۰ | ۱۰ ار | ۱۰ ۸ ار | ۸ ار | ۱۰ ار | |
| کہتہ | ۹ ار | ۰ | ۸ ار | ۸ ار | ۸ ار | ۹ ار | |
| ماش | ۵ ار | ۰ | ۰ | ۴ ار | ۵ ار | ۵ ار | |
| موٹھ | ۳ و ۵ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴ ار | |
| مکا | ۱۰ ار | ۰ | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۱۱ ار | ۱۱ ار | |
| جو | ۹ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۱ ار | |
| کودھنی | ۱۵ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۸ ار | ۱۰ ار | |
| مسور | ۱۶ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ ار | |
| ارہر | ۱۰ ۵ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۶ ار | |
| برنج | ۵ ار | ۰ | ۳ و ۵ ار | ۵ ار | ۵ ار | ۱۶ ار | |
| روغن زرد | ۱۰ چھٹانک | ۰ | ۱۰ چھٹانک | ۱۰ ار | ۱۰ ار | ۱۰ چھٹانک | |
| روغن سیاہ | ۱ ار | ۰ | ۱ ار | ۱ ار | ۱ ار | ۱ ار | |
| روغن کنجد | ۳ ار | ۰ | ۰ | ۳ ار | ۱۱ ار | ۱۱ ار | |
| نمک سانبھر | ۱۲ ار | ۰ | ۱۳ ار | ۱۲ ار | ۱۲ ار | ۱۲ ار | |
| نمک لاہوری | ۹ ار | ۰ | ۶ ار | ۰ | ۰ | ۸ ار | |
| قند سیاہ | ۲ ار | ۰ | ۳ ار | ۱ ار | ۳ ار | ۳ ار | |
| باجرہ | ۳ ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴ ار | |
| | | | | | | ۷ ار | |